تدریسی خاکہ(Lesson plan for urdu: Poetry) ازطرف:(ڈاکٹر شوکت افزاء)

تاریخ:

مضمون: اردو

عنوان: (ہماراوطن)،نظم۔

جماعت: ساتویں(۷)

وقت: ۳۵منٹ

1۔مقصدعام(General Objecitves):۔

ا۔بچوں میں شاعری کا شوق پیدا کرنا۔

۲۔شاعری پڑھ کرلطف اندوز ہونا۔

۳۔شاعر کے تخیل کو سمجھنا۔

۴۔جمالیاتی حسِ بیدار کرنا۔

2۔مقصدخاص(Specific Objectives): نظم کوترنم میں پڑھنااور سمجھنا۔

نظم میں ہم وزن الفاظ، پیارا، ہمارا، سارا، پیارا۔

گاتے، سُناتے، لہکتے، مہکتے، چھائی، لائی، الفت، محبت۔

پیارا پیارا کی طرف بچوں کی توجہ دلانا۔

اشیائے امدادی: موبائیل فون، کتاب، ڈسٹر، مارکر۔

آمادگی: بچوں کودن کا سبق پڑھنے اُستاد اپنے موبائیل فون پرایک گانا چلائے گا تا کہ کلاس روم میں شاعری پڑھنے کیلئے ماحول پیدا ہوجائے۔پھراسی گانے کے بارے میں بچوں سے مختلف سوالات پوچھے جائیں گے۔

سوال: یہ گانا آپ کو کیسا لگا؟ متوقع جواب: اچھا لگا۔

سوال: یہ گانا کس کے بارے میں ہے؟ متوقع جواب: وطن۔

سوال: وطن کس کو کہتے ہیں؟ متوقع جواب: جہاں ہم رہتے ہیں۔

سوال: کیا آپ نے وطن کے بارے میں کچھ پڑھا ہے؟ متوقع جواب: اس سوال کا جواب دے بھی سکتے ہے اور نہیں بھی دے سکتے ہے۔ چلو آج ہم اپنی کتاب سے وطن کے بارے میں ایک نظم (ہمارا وطن) پڑھیں گے اور دیکھتے ہیں شاعر نے وطن کے بارے میں کیا لکھا ہیں۔

پیش کش: اب اُستاد کی نمونے کی بلند خوانی ترنم میں شروع ہو جائے گی اور بچوں کو کتاب بند رکھنے کے لئے کہا جائے گا تا کہ بچوں کا سارا دھیان اُستاد کی اداؤں اور حرکات کو سکنات پر ہو۔ اُستاد کا سارا دھیان اُتار، چڑھاو، نرمی، زور و حرکات و سکنات پر ہوگا۔

اب اُستاد دوسری بار اس نظم کو بلند آواز میں پڑھنے لگا اور اب یہاں بچوں کو کتاب کھولنے کے لئے کہا جائے گا تا کہ اُن کو بات واضح ہو جائیں کہ کہاں نرمی سے پڑھنا ہے کہاں اُتار ہے کہاں چڑھاو ہے۔ اور کہاں حرکات و سکنات کا ہونا ضروری ہے۔ اب بچوں کی اجتماعی بلند خوانی شروع کرائی جائے گی اور ان کی اجتماعی بلند خوانی میں اُستاد بھی شامل رہے گا۔ تا کہ نظم پڑھنے میں اُن میں خود اعتمادی آجائیں اور شاعری پڑھنے کا شوق بھی پیدا ہو جائیں۔ نظم پڑھکر اُن کو مزا بھی آجائیں۔ اسکے بعد بچوں کو نظم خاموشی سے پڑھنے کیلئے کہا جائے گا تا کہ وہ نظم کو خود سمجھیں۔ جہاں بچوں کو نظم سمجھنے میں دقت ہو وہاں اُستاد اُن کو مدد کریں۔

اُستاد اب نظم کے بارے چند سوالات پوچھے گا۔

۱۔ شاعر نے وطن کو جنت کا ٹکڑا کیوں کہا ہے؟

۲۔ دریا کیا سناتے ہیں؟

۳۔ باغوں کا منظر کیسا ہے؟

۴۔ شاعر نے وطن سے اپنی محبت کا اظہار کس طرح کیا ہے؟

ان سوالات کے جوابات سُنکر اُستاد ایک بار پھر اس نظم کو ترنم میں گائے گا اور یہاں اُستاد بچوں کے ساتھ شامل ہو کر نظم کو ترنم میں پڑھے گا۔

اب اُستاد ایک بار پھر اپنے موبائیل فون پر وہی گانا سنائے گا جو اُستاد نے نظم کی ابتداء میں سنایا تھا۔

ختم شد